© rasailojaraid.com



# حُسنِ انتقاد



تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ھے

● کتاب: صحابہ کرام کا اسلوب دعوت وتبلیغ    مصنف: پروفیسر محمد اکرم ورک

ضخامت: ۳۵۲ صفحات    قیمت: ۱۳۵ روپے    ناشر: مکتبہ جمال کرم ۹ رمرکز الاویس سستا ہوٹل دربار مارکیٹ۔ لاہور

جیسا کہ کتاب کے نام سے عیاں ہے اس میں مختلف صحابہ کرام کے طرز تبلیغ اور اسلوبِ دعوت کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ نبوت، حضرت محمد رسول اللہ ﷺ پر ختم ہے۔ ان کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ لہٰذا تبلیغ دین کی ذمہ داری اب امت کا فریضہ ہے۔ جس طرح رسولِ کریم ﷺ نے امت کے سامنے حق کی گواہی دی اسی طرح اس امت کو دوسروں کے سامنے حق کی گواہی دینا ہوگی۔ گویا تبلیغ دین کا فریضہ اب امت کے ہر فرد پر لازم ہے۔ یہ صرف اور صرف علماء کا کام نہیں۔ دین کی باتوں کا دوسروں تک ابلاغ بہت ضروری ہے۔ جیسا کہ رسول کریم ﷺ نے اسلامی تعلیمات کو صرف اپنے تک محدود نہیں رکھا، اسی طرح قرآن مجید کے مطابق نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا ہر مسلمان کا فریضہ ہے۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اسوۂ رسول اکرم ﷺ کا نمونہ کامل تھے۔ جس طرح انہوں نے حکمت وموعظت کے ساتھ اسلام کی دعوت وتبلیغ کے فریضے کو ادا کیا، وہی طریقہ واسلوب آج بھی ہماری کامیابی کی ضمانت ہے۔ اس کتاب میں اسی عنوان کا احاطہ کیا گیا ہے۔ اس لحاظ سے داعیان اسلام کے لیے یہ ایک راہنما کتاب ہے۔ (تبصرہ: ابوالادیب)

● جریدہ: ماہنامہ ''ساحل'' کراچی    مدیرِاعلیٰ: خالد بن حسن

ضخامت: ۹۴ صفحات    قیمت: ۱۰ روپے    دفتر رابطہ: بی ۴۲۶، سیکٹر الیون اے نارتھ ناظم آباد۔ کراچی

ماہنامہ ''ساحل'' کا یہ شمارہ ایک طویل تعطّل کے بعد شائع کیا گیا ہے۔ اس میں مستقل موضوعات پر تحریریں شامل ہیں۔ جن میں بنیادی نوعیت کے مسائل، عالمی سطح پر امتِ مسلمہ کو درپیش مشکلات کا حل پیش کیا گیا ہے۔ عہد حاضر کے ادیبوں نے تمام مغربی اصطلاحات کو مشرقی تہذیب میں ڈھال دینے کا تہیہ کر رکھا ہے اور اس کو وہ زمانے کی ترقی تعبیر کرتے ہیں۔ حالانکہ مشرق کی تباہی کی سب سے بڑی وجہ اس میں مضمر ہے کہ وہ مغرب کی تقلید میں بگٹٹ ہو رہا ہے۔ اس جریدے میں مغربی فکر وفلسفہ اور مغربی اصطلاحات کا ناقدانہ جائزہ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ سرمایہ داری اور سرمایہ دارانہ نظام کیا ہے؟ مغرب اور اسلام کا تصور خیر اور حق، فلسفۂ جمہوریت کا محاکمہ، مغربی استعمار اور امتِ مسلمہ کی ذمہ داری اس شمارے کے خاص اور نہایت وقیع تحقیقی مضامین ہیں۔ اس سے پہلے ''ساحل'' اپنے مختلف شماروں میں درج ذیل موضوعات پر مشتمل قابل قدر تحریریں پیش کر چکا ہے۔ مساجد، مدارس اسلام کی طاقت کے اصل مراکز ہیں، این جی اوز کا [redacted]

© rasailojaraid.com